سوال

(123) کیا اسلام مسلمانوں کو شراب اور خنزیر کا گوشت فروخت کرنے کی اجازت دیتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا اسلام مسلمانوں کو شراب اور خنزیر کا گوشت فروخت کرنے کی کسی طرح بھی اجازت دیتا ہے۔ یہاں پر ایک مسلمان نے خوردونوش کی دکان کھول رکھی ہے۔ جس میں وہ شراب اور خنزیر کا گوشت بھی فروخت کرتا ہے۔ اعتراض کرنے پر جواب دیتا ہے۔ کہ میں نے یہ دوچیزیں صرف غیر مسلم گاہکوں کو ہاتھ میں رکھنے کیلیئے رکھی ہیں۔ (خواجہ ضیاء الدین گنائی۔ ازافریقہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جو چیز حرام ہے اس کی بیع بھی قطعی حرام ہے۔ چاہے یہ کافروں کے پاس بھی فروخت کی جایئں۔ (حدیث شریف)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 14 ص 109

محدث فتویٰ